شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

13اگست2010

ہندوستان کے یوم آزادی پر سکریٹری کلنٹن کا پیغام

مہاتما گاندھی اور ہندوستان کی تحریک آزادی کے دوسرے رہنماؤں کی توقیر کے لئے ہم ہر سال 15 اگست کو دنیا بھر کے ہندوستانی باشندوں کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ان رہنماؤں نے ثابت کر دکھایا کہ عظیم انقلاب عدم تشدد پر مبنی مزاحمت کے ذریعہ لایا جا سکتا ہے۔ان کے عزم اور حوصلہ نے دنیا بھر کے رہنماؤں کو ترغیب دی ہے۔ان میں ڈاکٹر مارٹن لوتھر کنگ جونیئر اور دیگر قائدین بھی شامل ہیں جنہوں نے شہری حقوق اور مساوات کے لئے امریکہ کی جدوجہد کو آگے بڑھایا۔آزادی کے 63 برس بعد ہندوستان عالمی لیڈر ہے' اور آزادی' رواداری' اور خوشحالی کا ہندوستان کا خواب دنیا بھر میں ان لوگوں کے لئے مسلسل ایک مثال بنتا رہا ہے جو جمہوریت اور آزادی کیلئے تڑپ رکھتے ہیں۔

امریکہ' ہندوستان کے ساتھ اپنی شراکت داری اور تعاون کو مزید مضبوط کرنے کا مصمم عزم رکھتا ہے۔جیسا کہ اسٹریٹیجک ڈائیلاگ کے دوران صدر اوباما نے کہا تھا کہ ہمارے دو ملکوں کے بیچ رشتہ انوکھی نوعیت کا حامل ہے۔ہمارے رشتے مشترکہ مفادات' مشترکہ اقدار' اور جمہوری روایات پر قائم ہیں' اور عوام سے عوام کے وسیع پیمانے پر قائم تعلق کی بدولت مضبوط ہوئے ہیں۔ہم ان رشتوں کو مزید فروغ دینے کے منتظر ہیں جب صدر اوباما اس موسم خزاں میں ہندوستان کا دورہ کریں گے کیوں کہ امریکہ اور ہندوستان کے بیچ فعال عالمی تعاون کی بدولت ہی ہم 21 صدی کو درپیش مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔

ایک بار پھر میں ہندوستان کے لوگوں کو حصول آزادی کی مبارکباد پیش کرتی ہوں' اور محفوظ اور پُر مسرت یوم آزادی تقریبات کی تمنا کرتی ہوں۔

☆☆☆